24 جولائی 2013ء

اسٹیٹ بینک نے الیکٹرانک پے منٹ گیٹ ویز کے قیام سے متعلق کانسیپٹ پیپر اور ضوابط پر تجاویز مانگ لیں

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پاکستان میں الیکٹرانک پے منٹ گیٹ ویز کے قیام کے بارے میں کانسیپٹ پیپر اور ضوابط کا ابتدائی مسودہ عوام کی آراء اور مشورے حاصل کرنے کے لیے اپنی ویب سائٹ پر پوسٹ کردیا ہے۔ واضح رہے کہ پے منٹ گیٹ وے (payment gateway) ایک ای کامرس اپلی کیشن سروس پرووائیڈر رہوتا ہے جس کا مقصد حاصل کنندہ ادارے (acquiring institution) اور مجریہ ادارے (issuing institution) کے درمیان ثالث کا کردار ادا کرتے ہوئے ای بزنسز کے لیے ادائیگیوں کی توثیق کرنا ہوتا ہے۔ ای پے منٹ گیٹ وے سے مقامی اور سرحد پار ٹرانز یکشنز کی توثیق میں اس طرح سہولت فراہم ہوگی کہ مقامی ٹرانز یکشنز سے ملکی سطح پر نمٹا جائے گا اور ان کی توثیق ہوگی اور صرف سرحد پار ٹرانز یکشنز کی اُن بین الاقوامی پے منٹ اسکیموں کے توسط سے توثیق کی جائے گی جو پاکستان میں کام کررہی ہیں جیسے ویزا، ماسٹر کارڈ وغیرہ۔

ان دستاویزات میں ای پے منٹ گیٹ وے کے تصور کے علاوہ ضوابطی شرائط اور دیگر متعلقہ شرائط پر بحث کی گئی ہے جو کسی ادارے کے لیے ای پی جی (e-PG) آپریٹر کی درخواست دینے کا اہل ہونے کے لیے ضروری ہیں۔ ای پی جی آپریٹر کو مختلف آلٹرنیٹو ڈیلیوری چینلز (ADCs) استعمال کرتے ہوئے صارفین کی مقامی اور سرحد پار مالی ٹرانز یکشنز کو محفوظ طور پر نمٹانے اور توثیق کرنے کا اختیار رہوگا۔

الیکٹرانک پے منٹ گیٹ ویز سے متعلق کانسیپٹ پیپر اور ضوابط کے مسودے اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ www.sbp.org.pk پر پوسٹ کردیے گئے ہیں تاکہ عوامی آراء اور مشورے حاصل کیے جاسکیں۔ ان مسودوں کی ویب لنکس یہ ہیں:

http://www.sbp.org.pk/Draft%20E-Payment%20Gateway%20Concept%20Paper-ForFeedback-22ndJuly2013.pdf

http://www.sbp.org.pk/DraftRegulations%20for%20e-PaymentGateway-ForFeedback-22ndJuly2013.pdf

☆☆☆